**30.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

**Music**

.......................................................................

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، دنیا کیلئے شرحِ نمو اور استحکام کا روشن مینار ہے۔ انھوں نے زندگی گزارنے میں آسانی، مہارت کے فروغ اور روزگار پر حکومت کی توجہ کو اجاگر کیا۔
- ☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ حکومت، 2025-26 تک مالی خسارے کو کم کرکے، چار اعشاریہ پانچ فیصد سے کم کرنے کے تئیں عہد بند ہے۔
- ☆ کیرالہ کے وائناڈ میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 110 ہوگئی ہے۔ راحت اور بچاؤ کی کارروائیاں جاری ہیں۔
- ☆ اور...... پیرس اولمپکس میں منو بھاکر اور سربجوت سنگھ نے 10 میٹر ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم مقابلے میں بھارت کیلئے کانسے کا دوسرا تمغہ حاصل کیا ہے۔ وہیں بھارت کی ہاکی کی مردوں کی ٹیم، آئر لینڈ کو دو صفر سے ہراکر پول-بی میں پہنچ گئی ہے۔

.......................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Rev PM BUDGET CONFRENCE*

وزیراعظم نریندر مودی نے آج اس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت نے زندگی گزارنے میں آسانی، مہارت کے فروغ اور روزگار پر خصوصی توجہ مرکوز کی ہے۔ وہ نئی دلّی میں ''وِکست بھارت کی جانب سفر: مرکزی بجٹ 2024-25 کے بعد کی کانفرنس'' کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

جناب مودی نے یقین دہانی کرائی کہ MSMEs پر بھی خصوصی توجہ مرکوز ہے، جو روزگار وضع کرتے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت اپنے تمام شہریوں کیلئے زندگی کو آسان بنانے اور معیار زندگی کو بہتر بنانے کو یقینی بنا رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP، 8 فیصد کی شرح سے ترقی کررہی ہے اور وہ دن دور نہیں ہے جب بھارت کی معیشت دنیا کی تیسری بڑی معیشت بن جائے گی۔

S/B: 2100 PM Modi on third Economy

جناب مودی نے کہا کہ آج بھارت کی پالیسی، لگن، عزم، فیصلے، تمام دنیا کو ملک میں سرمایہ کاری کیلئے راغب کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، دنیا کیلئے شرح ترقی اور استحکام کا روشن مینار ہے۔ جناب مودی نے اجاگر کیا کہ سرکار جس رفتار اور تیزی کے ساتھ بنیادی ڈھانچہ تیار کررہی ہے، وہ غیرمعمولی ہے۔

2100- PM Modi on Budget

## LS Union Budget Discussion

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج زور دے کر کہا ہے کہ حکومت مالی خسارے کے سلسلے میں کام کر رہی ہے اور وہ اِسے 2025-26 تک کم کرکے ساڑھے چار فیصد تک لے آئے گی۔ لوک سبھا میں 2024-25 کے مرکزی بجٹ اور مرکز کے زیر انتظام علاقے، جموں وکشمیر کیلئے 2024-25 کے بجٹ پر بحث کا جواب دیتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ بھارت، کووڈ کے بعد، سب سے تیزی سے ابھرتی ہوئی معیشت ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہر ایک کو 2047 تک ایک وکست بھارت کی تعمیر کیلئے مل کر کام کرنا چاہئے۔ انھوں نے اشارہ دیا کہ بھارتی معیشت، کووڈ وبا کے بعد بھی ایک درخشاں مقام کی طرح جگمگا رہی ہے۔ وزیر خزانہ نے شہریوں، متوسط طبقے کے لوگوں، چھوٹے کاروباریوں، کسانوں، معمولی کارکنوں اور تاجروں کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے پچھلے تین سال میں بھارت کو سب سے تیزی سے ابھرتی ہوئی معیشت بنانے میں تعاون دیا۔انھوں نے زور دے کر کہا کہ حکومت کے اخراجات میں کافی زیادہ اضافہ ہوا ہے اور 2023-24 کیلئے یہ اخراجات 48 اعشاریہ دو ایک لاکھ کروڑ روپئے کے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ سال 2023-24 کے مقابلے اس سال کے اخراجات تقریباً سات اعشاریہ تین فیصد زیادہ ہیں۔

وزیر خزانہ نے اشارہ کیا کہ زراعت اور کسانوں ہی بہبود کے محکمے کیلئے مختص رقم 2013-14 میں محض 21 ہزار 934 کروڑ روپئے تھی۔انھوں نے خاص طور پر کہا کہ یہ رقم بڑھ کر اب ایک اعشاریہ دو تین لاکھ کروڑ روپئے ہوگئی ہے جو پانچ گنا زیادہ ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ پی ایم کسان اسکیم شروع ہونے سے اب تک، اس کے تحت 11 کروڑ سے زیادہ کسانوں کو تین اعشاریہ دو لاکھ کروڑ روپئے تقسیم کئے جاچکے ہیں۔

S/B 2100 Sitharaman

## Rev. Kerala Wayand

کیرالہ کے وائناڈ ضلع میں آج صبح سویرے وسیع پیمانے پر مٹی کے تودے کھسکنے کے حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 110 ہوگئی ہے۔ فوج، فضائیہ اور بحریہ کے عملے کی مشترکہ کوششوں سے بہت سے لوگوں کو ملبے سے نکال لیا گیا ہے۔ بھارتی فضائیہ نے زخمی لوگوں کو نکالنے کیلئے ہیلی کاپٹر تعینات کیے ہیں اور انھوں نے زخمیوں کو اسپتال پہنچایا ہے۔

دریا پر اُس پُل کی جگہ، جو سیلاب کے پانی میں بہہ گیا تھا، ایک عارضی پُل بنایا گیا ہے۔ اس پُل کو لوگوں کو محفوظ مقامات پر لے جانے کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے۔

فوج نے بتایا کہ تقریباً 150 افراد کو Mundakkai گاؤں سے بچایا گیا ہے، انھیں طبی امداد فراہم کی گئی ہے اور محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔
بچاؤ کارروائی کیلئے تعینات عملے کے 225 افراد کے علاوہ فوج نے دیگر 140 افراد کو تھرونتھاپورم میں تیار رکھا ہوا ہے، جنہیں ضرورت پڑنے پر شارٹ نوٹس پر فضائی راستے سے وہاں پہنچایا جاسکتا ہے۔
فوج، انسانی بنیادوں پر اور تباہی سے راحت کی کارروائیوں کو مربوط کرنے کی غرض سے Kozhikode میں ایک کمان اور کنٹرول مرکز بھی قائم کر رہی ہے۔

## Jharkhand Train Accident

جھارکھنڈ میں آج صبح ہاوڑا- ممبئی ریل حادثے کے بعد راحت اور بچاؤ کارروائیاں پوری کرلی گئی ہیں۔ آج صبح چکردھرپور ریلوے ڈویژن کے تحت Potobeda گاؤں کے نزدیک Badabambo اور Kharsawa ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان ہاوڑا- ممبئی میل کی 18 بوگیوں کے پٹری سے اتر جانے سے دو مسافر ہلاک اور 24 زخمی ہوگئے تھے۔ پھنسے ہوئے مسافروں کو خصوصی گاڑی سے ان کی منزل کیلئے روانہ کیا گیا۔
ریلوے نے حادثے میں جان گنوانے والوں کے قریب ترین رشتہ دار کو دس-دس لاکھ روپے کی نقد رقم دینے کا اعلان کیا۔ اس نے شدید طور پر زخمی ہونے والے مسافروں کو پانچ پانچ لاکھ روپے اور دیگر زخمی مسافروں کیلئے ایک ایک لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔ جنوب مشرقی ریلوے کے ٹاٹانگر- چکردھرپور سیکشن پر ریل ٹریفک میں، ریل حادثے کے بعد خلل پڑا۔ طویل مسافت کی گیارہ ریل گاڑیوں کو منسوخ کر دیا گیا ہے اور چھوٹی مسافت کی 6 ٹرینوں کو روک دیا گیا ہے، جبکہ 17 ٹرینوں کا راستہ تبدیل کر دیا گیا ہے۔
جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے ہوڑہ- ممبئی ٹرین حادثے میں مرنے والوں کے کنبے کو دو- دو لاکھ روپے کی نقد رقم دینے کا اعلان کیا ہے۔ زخمی مسافروں کو پچاس- پچاس ہزار روپے دیئے جائیں گے۔

## India Sri Lanka Grant

سری لنکا کو شجرکاری کے شعبے کے اسکولوں کے بنیادی ڈھانچے کی جدید کاری کیلئے دی جانے والی بھارتی امداد دوگنی ہوگئی ہے۔ سری لنکا میں معاشی بحران کی وجہ سے قیمتوں میں اضافے کے بعد بھارتی حکومت اپنی امداد کو 300 ملین روپے سے بڑھا کر 600 ملین روپے کرنے پر راضی ہوگئی ہے۔ آج ہوئے کابینی اعلان کے مطابق، اِس اضافے کو سری لنکا کی کابینہ کی جانب سے منظور کئے جانے کی اطلاع ملی ہے۔ اِس پہل سے متعلق مفاہمت نامے پر فروری 2020 میں دستخط کئے گئے تھے۔ چُنے گئے 9 شجرکاری اسکولوں کے بنیادی ڈھانچے کو بھارتی امداد کے ذریعے جدید کاری کا منصوبہ ہے۔x

## Israel Lebanon

اسرائیلی دفاعی افواج، IDF نے آج کہا کہ اُس نے جنوبی لبنان میں حزب اللہ کے سات مختلف ٹھکانوں کو

نشانہ بنایا ہے۔ گذشتہ ہفتے کے آخر میں اسرائیلی مقبوضہ گولان پہاڑیوں پر ہوئے حملے میں 12 نو عمر افراد اور بچے مارے گئے تھے، جس کیلئے اسرائیل نے حزب اللہ کو موردِ الزام ٹھہرایا تھا۔

اِس دوران لبنان میں واقع بھارتی سفارتخانے نے گذشتہ روز بھارتی شہریوں کیلئے سفر سے متعلق ایڈوائزری جاری کی ہے۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ لبنان میں رہائش پذیر بھارتی افراد یا لبنان کے سفر کا ارادہ رکھنے والے بھارتیوں کو چاہئے کہ وہ بیروت میں بھارتی سفارتخانے کے رابطے میں رہیں۔

## Vetnam PM Visit

ویتنام کے وزیر اعظم Pham Minh Chinh بھارت کے تین روزہ سرکاری دورے پر آج رات نئی دلّی پہنچیں گے۔ اُن کے ساتھ بہت سے وزراء، نائب وزراء اور کاروباری لیڈروں سمیت ایک اعلیٰ سطحی وفد ہوگا۔ جمعے کے روز جناب Pham Minh Chinh کا راشٹرپتی بھون کے سبزہ زار پر روایتی استقبال کیا جائے گا۔ وہ مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے راج گھاٹ کا بھی دورہ کریں گے۔ وہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ باہمی تبادلۂ خیال کریں گے، جو اُن کے اعزاز میں ایک ظہرانہ کی میزبانی کریں گے۔ وزیر اعظم Chinh، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ سے ملاقات کریں گے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر بھی دورے پر آئے ویتنام کے وزیر اعظم سے ملاقات کریں گے۔

## J&K Operation

جموں کشمیر میں سکیورٹی فورسز نے سرحدی ضلع پونچھ میں، مشتبہ نقل و حرکت کا پتہ لگنے کے بعد، آج تلاشی کی ایک کارروائی کا آغاز کیا۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ضلعے کے ایک دور دراز گاؤں میں دو دہشت گردوں کی نقل و حرکت کے بارے میں معلومات موصول ہونے کے بعد گھیرا بندی اور تلاشی کی ایک مشترکہ کارروائی کا آغاز کیا گیا۔ خبروں کے مطابق کالے لباس میں ملبوس دو مسلح مشتبہ افراد کو پیر کی رات دیر گئے Dehra Ki Gali کے نزدیک واقع Salampura گاؤں میں گھومتے پھرتے دیکھا گیا تھا۔ معلومات حاصل ہونے کے بعد، راشٹریہ رائفلز اور CRPF کی مدد سے پولیس نے علاقے میں فوری طور سے تلاشی کی مشترکہ کارروائی کا آغاز کیا۔

فوج پہلے ہی جموں ڈویژن کے پہاڑی اضلاع سے دہشت گردوں کا صفایا کرنے کیلئے، ماہر کمانڈوز اور پہاڑی علاقے میں لڑائی کیلئے تربیت یافتہ کمانڈوز سمیت چار ہزار سے سپاہیوں کی تعیناتی کرچکی ہے۔ یہ اقدام کٹھوعہ، ڈوڈا، ریسی، پونچھ اور راجوری میں گھات لگاکر کیے گئے حملوں کے ذریعے اِن اضلاع میں بڑھتی ہوئی وارداتوں ملوث 40 سے 50 سخت گیر غیر ملکی دہشت گردوں کے ایک گروپ کے بارے میں خبریں ملنے کے بعد کیا گیا ہے۔ x

## Olympics Update

پیرس اولمپک میں منو بھاکر اور سربجوت سنگھ نے دس میٹر ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم نشانے بازی میں تاریخی طور پر کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ انھوں نے پیرس اولمپکس 2024 کے چوتھے دن آج جنوبی کوریا کو ہرایا۔ بھاکر آزاد بھارت کی

تاریخ میں پہلی ایتھلیٹ ہیں جنھوں نے ایک ہی اولمپکس مقابلوں میں دو تمغے جیتے ہیں۔
دوسری طرف پرتھوی راج ٹونڈئی مان 21 نمبر پر آئے اور مردوں کے Trap کوالیفائی کرنے کے راؤنڈ میں کامیاب نہ ہوسکے۔
شریاسی سنگھ اور راجیشوری کماری بھی خواتین کے Trap کوالیفائی راؤنڈ میں جیت حاصل نہ کرسکیں۔
بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی ستوِک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی نے انڈونیشیا کی جوڑی فجر الفیان اور محمد ریان اَردیانتو کو گروپ سی کے فائنل میچ میں سیدھے سیٹوں میں شکست دی۔ تیسرے درجے کی اِس بھارتی جوڑی نے کَل کھیلے جانے والے کوارٹر فائنل میں تاریخی طور پر جگہ بنالی ہے۔ اُس نے عالمی سات نمبر کی جوڑی کو 40 منٹ میں اکیس-تیرہ، اکیس-تیرہ سے شکست دی۔ یہ میچ آج La Chapelle Arena میں کھیلا گیا۔ نتیجے کے طور پر ستوک-چراغ نے گروپ سی میں سب سے اوپر مقام حاصل کرلیا۔ انھوں نے دو میچوں میں کامیابی حاصل کی۔بیڈمنٹن میں مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنلز کل شروع ہوں گے۔ البتہ ایک بری خبر یہ ہے کہ بھارت کی بیڈمنٹن جوڑی تنیشا کریسٹو اور اشونی پُپّا، آسٹریلیا کی Setyana Mapasa اور Angela Yu سے ہار گئیں۔ یہ دونوں کھلاڑی خواتین کے ڈبلز کے گروپ سی میچ میں ہاری ہیں۔ہاکی میں بھارت کی مردوں کی ٹیم نے گروپ مرحلے میں، آئرلینڈ پر جیت حاصل کرکے دوسری کامیابی حاصل کی ہے۔ ہرمن پریت سنگھ نے بھارت کی مردوں کی ہاکی ٹیم کو پول بی میں دو-صفر سے جیت دلانے میں بڑی مدد کی۔ ٹیم نے آئرلینڈ میں دو-صفر سے جیت حاصل کی ہے۔تیر اندازی میں بھجن کور خواتین کے انفرادی مقابلے میں، سولھویں راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔کشتی رانی میں بلراج پنوار مردوں کے سنگلز Sculls کوارٹر فائنل میں پانچویں مقام پر آئے۔مردوں کی مُکّے بازی میں بھارت کے امت پانگل کو زامبیا کے پیٹرک Chinyemba کے ہاتھوں 51 کلو گرام کے 16 باؤٹ راؤنڈ میں چار ایک سے شکست ہوئی۔

**Manu Bronze**

بھارتی نشانے باز منو بھاکر اور سربجوت سنگھ نے آج جاری پیرس اولمپکس میں 10 میٹر ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم کے فائنل مقابلے میں بھارت کیلئے کانسے کا دوسرا تمغہ حاصل کیا ہے۔ انھوں نے جنوبی کوریا کی Oh Ye Jin اور Lee Wonho کی جوڑی کو سولہ-دس سے شکست دی۔ اِس جیت کے ساتھ منو بھاکر ایسی پہلی بھارتی کھلاڑی بن گئی ہیں جنھوں نے آزادی کے بعد سے کسی ایک اولمپک میں دو تمغے حاصل کرکے تاریخ رقم کی ہے۔
اس سے قبل ایتھلیٹکس میں بھارت کی نمائندگی کرنے والے Norman Pritchard، وہ کھلاڑی ہیں، جنھوں نے سن 1900 کے اولمپکس میں چاندے کے دو تمغے جیتے تھے۔ اس سے قبل Manu نے خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ مجموعی طور پر منو، ایسی تیسری بھارتی کھلاڑی ہیں، جنھوں نے اولمپکس میں ایک سے زیادہ تمغے حاصل کیے ہیں۔ دوسری جانب سربجوت نے اولمپک کا اپنا پہلا تمغہ حاصل کیا۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے منو بھاکر اور سربجوت سنگھ کو بھارت کیلئے کانسے کے تمغے جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔اسی دوران بھارت کی ہاکی کی مردوں کی ٹیم پول-بی کے ایک میچ میں آئرلینڈ کو دو-صفر سے ہرا دیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆